سوال

(98) شب ستائیسیویں رمضان المبارک میں روشنی کثرت سے کرتے ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

شب ستائیسیویں رمضان المبارک میں روشنی کثرت سے کرتے ہیں۔ چراغاں بہت روشن کرتے ہیں۔ پس اس شب میں روشنی کرنے کا کیا حکم شرع شریف میں ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

روشنی کثرت سے کرنا مسجد میں یا غیر مسجد میں خواہ شب ستائیسویں رمضان المبارک ہو خواہ کوئی اور شب ہونا جائز ہے۔ کیونکہ اسراف میں داخل ہے۔ اور تشبہ ساتھ قوم برامکہ سے ہے جیساکہ فقیہ طرطوصی نے نفع المسائل میں اور ملا علی قاری نے شرح مشکواۃ میں اور شیخ عبد الحق محدث نے ما ثبت بالسنۃ مین لکھا ہے او جموعی نے شرح اشباہ و نظائر میں خوب وضاحت کے ساتھ بیان کیا ہے۔ (حررہ سید شریف حسین۔ فتاویٰ نزیریہ ص 219۔ سید محمد نزیر حسین)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 11 ص 364

محدث فتویٰ